22

آیات نمبر 148 تا 152 میں وضاحت کہ عبادت کی سمت کی اپنی اہمیت ہے لیکن اصل بات یہ ہے کہ نیک کاموں میں سبقت کرو۔ رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کو ہدایت کہ اب تم جہاں بھی جاؤ نماز کے لئے کعبہ کی طرف رخ کر لیا کرو۔

وَ لِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ
بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾ اور ہر قوم کی عبادت کے
لئے ایک سمت مقرر ہوتی ہے وہ اسی کی طرف رُخ کرتی ہے، لیکن اصل بات یہ ہے
کہ تم نیک کاموں میں سبقت کرو، تم جہاں کہیں بھی ہوگے اللہ تم سب کو قیامت میں
جمع کرلے گا، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ
شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ اِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اور آپ جس جگہ بھی جائیں نماز کے وقت اپنا چہرہ مسجدِ حرام کی
طرف پھیر لیں، اور یہی آپ کے رب کی طرف سے فیصلہ برحق ہے، اور جو کچھ تم کر
رہے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں ہے وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ اور آپ جس جگہ بھی جائیں نماز کے وقت اپنا چہرہ مسجدِ حرام
کی طرف پھیر لیں وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ
اخْشَوْنِيْ ۗ وَ لِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ ۛ اور اے مسلمانو!
تم جہاں کہیں بھی ہو اپنے چہرے مسجدِ حرام کی طرف پھیر لیا کرو تاکہ لوگ تمہارے

خلاف کوئی اعتراض نہ کر سکیں سوائے ان لوگوں کے جو حد سے گزر چکے ہیں، پس تم
ان سے مت ڈرو بلکہ مجھ ہی سے ڈرا کرو، تاکہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کر دوں اور تم
اس سے ہدایت پا جاؤ كَمَآ اَرۡسَلۡنَا فِيۡكُمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡكُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ
اٰيٰتِنَا وَ يُزَكِّيۡكُمۡ وَ يُعَلِّمُكُمُ الۡكِتٰبَ وَ الۡحِكۡمَةَ وَ يُعَلِّمُكُمۡ مَّا لَمۡ
تَكُوۡنُوۡا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۵۱﴾ ہمارا یہ احسان بھی اسی طرح ہے جیسا کہ ہم نے تم لوگوں میں
تمہیں میں سے ایک رسول بھیجا جو تمہیں ہماری آیات پڑھ پڑھ کر سناتا ہے اور تمہیں
پاک وصاف کرتا ہے اور تمہیں کتاب اور حکمت و دانائی کی باتیں سکھاتا ہے اور
تمہیں ان چیزوں کی تعلیم دیتا ہے جو تم خود نہیں جان سکتے تھے فَاذۡكُرُوۡنِىۡۤ
اَذۡكُرۡكُمۡ وَ اشۡكُرُوۡا لِىۡ وَلَا تَكۡفُرُوۡنِ ﴿۱۵۲﴾ سو ان نعمتوں پر تم مجھے یاد کیا کرو
میں بھی تمہیں یاد رکھوں گا اور میرے احسانات کا شکر ادا کیا کرو اور میری ناشکری نہ
کیا کرو رکوع [۱۸]

[# 22]

In verses 148 to 152, it is clarified that the direction of prayer (Qiblah) is important in worship, but the main point is to excel in good deeds. The Prophet Muhammad [peace be upon him] and the Muslims are advised to now face towards the Kaaba (in Makkah) for prayer, wherever they may be.

وَ لِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا
تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾

And every community has a direction for worship, it turns towards it, so you excel in good deeds. Wherever you may be, Allah will bring you all together on the Day of Judgment. Allah is capable of doing everything.

وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَ اِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

And from wherever you go forth, [at the time of prayer], turn your face towards the Sacred Mosque. Indeed, this is the truth from your Lord. And Allah is not unaware of .what you do

وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

And from wherever you may go forth, turn your face towards the sacred Mosque [during prayer].

وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا
تَخْشَوْهُمْ وَ اخْشَوْنِيْ ۗ وَ لِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ
تَهْتَدُوْنَ ۞ ﴿١٥٠﴾

[And O believers!] Wherever you are, turn your faces towards the Sacred Mosque so that people cannot raise any objection against you, except those who are wrongdoers. So, do not fear them but fear Me. I will then complete my blessing upon you, so that you may be guided.

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَ
يُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ
تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾

[This favor of Ours is the same] as We sent to you a Messenger from among you, who recites to you, Our verses and purifies you, and teaches you the Book and [the things of] wisdom ,and teaches things which you did not know.

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِيْ وَ لَا تَكْفُرُوْنِ ﴿١٥٢﴾

رکوع [۱۸]

So, remember me [for these blessings] and I will remember you. And be thankful to Me [for my favors] and do not be ungrateful to .me